| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف ’پ‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’پ‘ کی پہچان کر سکیں ۔اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں سے حرف ’ا‘ ’آ‘ اور ’ب‘ کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی ۔<br>**تعارف:** بچوں کو حرف ’پ‘ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’پ‘ ہے یہ حروف تہجی کا چوتھا حرف ہے اس کی شکل ’ب‘ جیسی ہوتی ہے ۔مگر اس کے نیچے 3 نقطے ہوتے ہیں بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم صرف ’پ‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’پ‘ کے ذخیرہ الفاظ ( پیالی ،پنسل ، پنکھا ، پتا ) کے بارے میں جانیں گے ۔ بچوں کو حرف ’پ‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کے ان کے نام بتائے جائیں گے ۔<br>**مرکزی سرگرمی:** بچوں کو حرف ’پ‘ کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی ۔ چاک کی مدد سے فرش پر ’ب‘ اور ’پ‘ کافی دفعہ لکھیں پھر بچوں کو کہیں کہ حرف ’پ‘ پر چھلانگ لگائیں اور ’پ‘ کی آواز بتائیں ۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 20 کھولنے کو کہا جائے گا ۔حرف ’پ‘ پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا ۔صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔صفحہ نمبر 21 پر حرف ’پ‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے ۔<br>**اختتامیہ:** سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف ’پ‘ کا درست تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی ۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ | حرف فلیش کارڈ تصاویر<br>پی پی ٹی | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف ’پ‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’پ‘ کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے حرف 'پ' کو پہچان سکیں اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو صرف 'پ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:** بچوں کو 'پ' سے شروع ہونے والی نظم سنایئے۔<br>پانچ چوہے گھر سے نکلے — کرنے چلے شکار<br>ایک چوہا گیا پیچھے — باقی رہ گئے چار<br>چار چوہے جوش میں آکر — لگے بجانے بین<br>ایک چوہے کو آگئی کھانسی — باقی رہ گئے تین<br>تین چوہے ڈر کے بولے — گھر کو بھاگ چلو<br>ایک چوہے نے بات نہ مانی — باقی رہ گئے دو<br>دو چوہے مل کر بیٹھے — دونوں ہی تھے نیک<br>ایک چوہے کو کھا گئی بلی — باقی رہ گیا ایک<br>حرف 'پ' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر اس کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:** بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے حرف 'پ' بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 22 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو حرف 'پ' کے گرد دائرہ بنا کر پنکی کی مدد کرنے کو کہا جائے گا۔<br>'پ' سے پرندہ: کاغذ کی پلیٹ کو آدھا کر کے بچوں کو اس میں پینٹ برش سے رنگ بھرنے میں مدد کریں۔ پھر بچوں کو پرندے کے پر، چونچ اور ٹانگیں لگانے میں مدد کریں کالے مارکر سے پرندے کی آنکھیں بنائیں۔<br>**اختتامیہ:** سبق کے اختتام ہر بچوں سے ہوا میں حرف 'پ' بنوایا جائے گا۔<br>**ہوم ورک:** کتاب صفحہ نمبر 23 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ | پلیٹ، پینٹ برش، پوسٹر کلر، بلیک مارکر<br>کتاب صفحہ نمبر 22<br>پیسٹ پلیٹ<br>پوسٹ کلر پینٹ برش چارٹ، پیپر بلیک مارکر | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف 'پ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'پ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے حرف 'پ' کو پہچان سکیں اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:** حرف 'پ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے ولی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے 'پ' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:** بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'پ' کی کہانی سنیں گے۔<br>پنکی کی امی نے اُس کو کہا کہ باہر لان میں پودوں کو پانی دو۔ پنکی لان میں پودوں کو پانی دے رہی تھی تو اس نے وہاں پپیتا، پیاز اور پالک کے پودے دیکھے۔ اچانک پنکی کو پاپڑ والے کی آواز آئی وہ امی سے پیسے لینے بھاگی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید پر 'ب' لکھا جائے گا اور بچوں سے 'پ' اور 'ب' کی نقطوں کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچے مارکر سے نقطے بنائیں گے بچوں کو کتاب صفحہ 24 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'پ' سے شروع ہونے والی تصاویر میں رنگ بھرنے اور 'پ' کو نقطوں کی مدد سے لکھنے میں بچوں کی راہنمائی کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے پنکی، پودا، پپیتا، اور پالک کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | کالا مارکر<br>کتاب صفحہ نمبر 24 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'پ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'پ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف ’پ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ صرف ’پ‘ کی پہچان اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (سات الفاظ) اوراس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی**<br>: حرف ’پ‘ کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>’پ‘ کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اس میں ’پ‘ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف ’پ‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’پ‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا۔کہ آج ہم ’پ‘ سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جائیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے پالک، پہاڑ اور پاپڑ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر اسے لیکر پ سے حروف تہجی لکھے جائیں گے۔صرف ’پ‘ زیادہ مرتبہ لکھا جائے گا بچوں سے حرف ’پ‘ کے گرد دائرہ بنانے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔بچوں سے کتاب صفحہ 25 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے ’پ‘ پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 20منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے پالک، پہاڑ اور پاپڑ کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ صرف 'پ' کی پہچان اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'پ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے sand letters پر حرف 'پ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'پ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقرر وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'پ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ 'پ' سے شروع ہونے والی اشیاء کمرہ جماعت میں تلاش کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**ہوم ورک:**<br>کاپی میں حرف 'پ' پر پنسل پھیریئے۔ | 2منٹ<br>5منٹ<br>30منٹ<br>2منٹ | Sand Letters<br>کاپی ورک | |